Keep young children safe around vapes

Urdu

جہاں ویپس ہوں، چھوٹے بچوں کی حفاظت کا خیال رکھیں

کئی ویپس (جنہیں ای سگرٹ بھی کہا جاتا ہے) میں بہت زیادہ نکوٹین ہوتی ہے چاہے لیبل پر یہ نہ لکھا ہو۔

چھوٹا بچہ بالکل تھوڑی سی نکوٹین سے بھی ہلاک ہو سکتا ہے۔

اپنے گھر اور گاڑی کو سگرٹ اور ویپ سے پاک رکھیں۔

اگر آپ سگرٹ یا ویپ پیتے ہیں تو آپ اپنی اور اپنے بچوں کی صحت کے لیے جو سب سے بہتر کام کر سکتے ہیں، وہ ہمیشہ کے لیے ان چیزوں کو چھوڑ دینا ہے۔ Quitline پر **13 7848** (سگرٹ یا ویپ چھڑوانے کی سروس) کو کال کریں۔



2023 © NSW Health. SHPN (CPH) 240030-7

Poisons Information Centres (زہریلے مادّوں کے معلوماتی مرکز) کو روزانہ ایسی کالیں آتی ہیں کہ کسی چھوٹے بچے کو ویپ سے واسطہ پڑا ہے۔

Poisons Information Centres ہفتے کے ساتوں دن، روزانہ 24 گھنٹے ماہرانہ مشورہ دیتا ہے – **13 1126** پر کال کریں۔

چھوٹے بچوں کو ویپس بہت خوشنما لگتے ہیں لیکن یہ بچوں کے لیے محفوظ نہیں ہوتے۔

تمام ویپس بچوں کے سانس کے ساتھ اندر جانے، نگلے جانے یا لیک ہو کر جلد سے چھونے کی صورت میں ان کے لیے خطرناک ہو سکتے ہیں۔

چھوٹے بچوں کے قریب ویپس استعمال نہ کریں۔

ویپس کو ہمیشہ تالے میں اور بچوں کی پہنچ سے باہر رکھیں

اگر آپ کے خیال میں آپ کے بچے کو ویپ کے مواد سے واسطہ پڑا ہے یا بچہ سانس کے ساتھ اسے اندر لے جا چکا ہے، نگل چکا ہے یا ویپس کے اندر کا مائع لیک ہو کر اس کی جلد سے چھو چکا ہے تو **13 1126** پر Poisons Information Centre (زہریلے مادّوں کے معلوماتی مرکز) کو فون کریں۔

اگر بچہ بیہوش ہو گیا ہے یا سانس نہیں لے رہا ہے تو فوراً **000** پر ایمبولینس کو بلائیں۔

چھوٹا بچہ بالکل تھوڑی سی نکوٹین سے بھی ہلاک ہو سکتا ہے۔

ویپس کے اندر موجود مائع کے زہریلے اثرات کا خطرہ بہت زیادہ ہو سکتا ہے کیونکہ ان میں نکوٹین بہت زیادہ ہوتی ہے اور پیکیجنگ کا معیار ناقص ہوتا ہے۔

ویپس سے واسطہ پڑنے کی عام علامات یہ ہیں:

- کھانسی
- الٹی
- غنودگی اور
- سانس لینے میں مشکل

ویپس اور ویپ کے مائع کو بحفاظت ایسی جگہ تلف کریں جہاں یہ بچوں کو نہ مل سکے